SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

SINDH ACT NO.V OF 2014

The Sindh Land Revenue (Amendment)Act 2013

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ 2014

سندھ لینڈ رِوینیو (ترمیم) ایکٹ 2013

فہرست (Contents)

1تمہید (Preamble)

2۔مختصر عنوان اور لاگو ہونا (Short title and commencement)

3۔سندھ ایکٹ نمبر XVII مجریہ 1967 کی دفعہ نمبر 4 میں تبدیلی

Amendment of Section 4 of Sindh Act No. XVII of 1967

4۔سندھ ایکٹ نمبر XVII مجریہ 1967 کی دفعہ 39 میں تبدیلی

Amendment of Section 39 of Sindh Act No. XVII oF 1967

5۔سندھ ایکٹ نمبر XVII مجریہ 1967 کی دفعہ 40 میں تبدیلی

Amendment of Section 40 of Sindh Act No. XVII of 1967.

SINDH ACT NO.V OF 2014

The Sindh Revenue (Amendment) Act, 2013

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ 2014

دی سندھ رونیو (ترمیم) ایکٹ 2013

[20مارچ 2014]

سندھ لینڈ رونیو ایکٹ، (The Sindh Land Revenue Act, 1967)۔ میں تبدیلی لانے کے لیے ایکٹ

تمہید (Preamble)

اس بات کو مناسب جانا گیا کہ سندھ لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 میں مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیلی لائی جائے۔

اس لیے اس ایکٹ کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جاتا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات (Short title and commencement)

1۔(1) اس ایکٹ کو سندھ لینڈ ریونیو (ترمیم) ایکٹ، (The Sindh Land Revenue (Amendment) Act, 2013) کہا جائیگا۔

(2) یہ ایکٹ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

سندھ ایکٹ نمبر XVII مجریہ 1967 کی دفعہ نمبر 4 میں تبدیلی (Amendment of Section 4 of Sindh Act No. XVII of 1967)

2۔ سندھ لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کی دفعہ 4، ذیلی دفعہ (23) میں مندرجہ ذیل شامل کیا جائیگا۔

"(23-A) خدمت کا مرکز (Service Centre) کا مطلب ہے کہ وہ مرکز جو اس کے لیے قائم کیا جائے جو کسی تعلقے یا ضلعے کی حقوق کے رکارڈ کو کمپیوٹرائیز ڈ کر کے بحال رکھے تا کہ معاہدوں کی تبدیلی، منتقلی عمل میں آنے اور رجسٹریشن (Registration) کی خدمات سرانجام دے سکے۔ کمپیوٹرائیز ڈ (Computrized) رکارڈ کی نقول فراہم

کر سکے اور ایسے رکارڈ سے متعلقہ دوسرے کام کر سکے۔

سندھ ایکٹ نمبر XVII مجریہ 1967 کی دفعہ 39 میں تبدیلی

(Amendment of section 39 of Sindh Act No. XVII of 1967.

3۔تبدیل ہونے والے اس ایکٹ کی دفعہ 39 ذیلی دفعہ (2) کے فقرے (d) میں مزید شامل کیا جائے۔

"(e) کہ بیان (Statements) جو خودبخود معلوماتی طریقے (Automated Information sytem) سے محفوظ (Record) کیئے گئے برقی دستاویز (Electronic documents) کی شکل میں ہونگے اور جن کی نوٹیفکیشن (Notification) کے ذریعے بورڈ آف ریوینیو کسی (Deh) کے حقوق کو کمپیوٹر کے ذریعے محفوظ کیے (Computerized Record of Rights) کے ذریعے اس کو واضع کیا جائیگا"

سندھ ایکٹ نمبر XVII مجریہ 1967 کی دفعہ 40 میں تبدیلی۔

(Amendment of section 40 of Sindh Act No. XVII of 1967)

4۔تبدیل ہونے والے اس ایکٹ کی دفعہ 40 کی ذیلی دفعہ (3) میں مزید یہ اضافہ کیا جائیگا۔

"(4) کسی بھی (Deh) کی کمپیوٹرائیزڈ ہوئے حقوق والے رکارڈ کے متعلق اگر ریوینیو بورڈ (Revenue Board) نوٹیفکیشن (Notification) کے توسط سے تصدیق شدہ کمپیوٹرائیزڈ کیے گئے حقوق کا رکارڈ ظاہر کیا ہے تو ان کے حقوق کے رکارڈ کا جائزہ لیا جائیگا۔ بشرطیکہ ایسی نوٹیفکیشن (Notification) سے پہلے اگر متعلقہ مختیارکار اور پہلے گریڈ والے اسٹنٹ کلیکٹر دفعہ 42 کی ذیلی دفعہ (11)، (12) اور (13) کے مطابق اسی رکارڈ کی ہارڈ کاپی (Hard copies) کے متعلق سرٹیفکیٹ اس کی تصدیق کی گئی ہو تو وہ رکارڈ اصلی اور صحیح ہے۔ وہ تصدیق شدہ رکارڈ دفعہ 42 کی ذیلی دفعہ (1) مطابق قائم کیے گئے سیل (Cell) میں رکھا جائیگا۔"

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔